NATIONAL SENIOR CERTIFICATE EXAMINATION
NOVEMBER 2015

URDU SECOND ADDITIONAL LANGUAGE: PAPER II

Time: 2 hours | 100 marks

PLEASE READ THE FOLLOWING INSTRUCTIONS CAREFULLY

1. This question paper consists of 6 pages. Please check that your question paper is complete.
2. Read the questions carefully.
3. Start each question on a new page. Answer Sections A, B and C.
4. All answers must be in URDU.
5. Number your answers exactly as the questions are numbered.
6. Your writing must be neat, clear and legible. Leave a line open between answers.

IEB Copyright © 2015

SECTION A ESSAY

QUESTION 1

سوال نمبر۱ : مضمون

صرف **ایک** مضمون چُن کر اپنے الفاظ میں ۱۸۰-۲۰ لائن لکھیے.

۱. ایک خُوبصُورت شادی.

۲. اُستاد کا احترام.

۳. سنیچر کو بازار میں بہت شور اور بھیڑ ہوتی ہے.

۴. ہمارے پڑوسی.

۵. پانی ہمارے لئے بہت ضرُوری ہے.

۶. اُردو کے نئے اُستاد.

۷. ہمارا خُوبصُورت گھر

30 marks

IEB Copyright © 2015

SECTION B TRANSACTIONAL WRITING

QUESTION 2 ANSWER ANY THREE QUESTIONS OUT OF FOUR

سوال نمبر ۲

صرف تین (۳) سوال کے جواب لکھیئے۔

2.1

۱. چھٹی:

دوست ساجو کو چھٹی لکھیئے۔

آپ کو ایک ہفتے کی چھٹی ملی ہے۔ آپ کے دوست ساجو کو چھٹی کے ذریعے بتلائیے کہ آپ دونوں کیا کیا کرینگے۔ (۸-۱۰ لائن) ۔

(10)

2.2

۲. دعوت نامہ:

آپ کے بھائی نے ساجدہ بہن کی شادی فاروق خان کے ساتھ ۲۰ نومبر ۲۰۱۵ اتوار کو مقرر کی ہے۔ ایک دعوت نامہ تیار کیجیئے۔ (۸-۱۰ لائن).

(10)

2.3

۳. ایس.ایم.ایس:

آپ کی امی جان کو ایس.ایم.ایس سے بتلائیے کہ آپ آپ کی دادی کے یہاں دس دن گزارینگے اور ان سے کہنا کہ آپ دونوں وہاں کیا کیا کرینگے۔ (۸-۱۰)

(10)

2.4

۴. خط نویسی:

آپ کی سہیلی کو خط کے ذریعہ بتلائیے کہ آپ امتحان کی تیاریاں کس طرح کرینگے۔

(10)

[3 × 10 = 30]

30 marks

IEB Copyright © 2015

SECTION C LANGUAGE

QUESTION 3

ڈاکٹر صاحب

یہ ڈاکٹر احمد کا دواخانہ ہے۔ بینچ پر کچھ لوگ بیٹھے ہیں۔ کوئی کھانس رہا ہے، کسی کو تیز بخار ہے۔ کسی کے پیٹ میں درد ہے۔ یہ سب لوگ بیمار ہیں اور اپنا علاج کرانے آئے ہیں۔

ڈاکٹر صاحب اندر کمرے میں بیٹھے ہیں۔ وہ ایک کے بعد ایک مریض کو اندر بلاتے ہیں۔ کسی کی نبض دیکھتے ہیں، کسی کی زبان اور آنکھ غور سے دیکھتے ہیں۔ کسی کو میز پر لٹاکر ایک آلے سے اس کی پیٹھ اور پیٹ کی جانچ کرتے ہیں۔ اس آلے کو 'اسٹیتھس کوپ' کہتے ہیں۔ کبھی تھرما میٹر لگاکر کسی کا بخار دیکھتے ہیں۔

لوگ ڈاکٹر احمد کو بہت پسند کرتے ہیں وہ ہر مریض کی باتیں دھیان سے سنتے ہیں۔ اس سے ہنس کر بات کرتے ہیں اور اسے دلاسا دیتے ہیں۔ مریض کا آدھا مرض تو ان کی باتوں سے ہی دور ہو جاتا ہے۔ ڈاکٹر صاحب مریض کی اچھی طرح جانچ کرتے ہیں۔ ایسی دوا دیتے ہیں کہ بیمار جلد اچھا ہو جاتا ہے۔ وہ فیس بھی بہت کم لیتے ہیں۔ اگر کوئی فیس نہیں دے سکتا تو اس کا مفت علاج کرتے ہیں۔

جواب لکھیے:

3.1 Meaning of words.

۱. الفاظ کے معنی لکھیے:

۱. ڈاکٹر

۲. دوا۔

۳. فیس

۴. علاج

(4)

IEB Copyright © 2015

3.2. Answer the questions.

جواب لکھیے ۔

۲۔

(3) ۱۔ تین (۳) بیماریوں کے نام لکھیئے۔

(1) ۲۔ لوگ ڈاکٹر صاحب کو کیوں پسند کرتے ہیں؟

(1) ۳۔ ڈاکٹر صاحب مریض کی باتیں کس طرح سنتا ہے؟

(1) ۴۔ ڈاکٹر صاحب کتنی فیس لیتا ہے؟

(5) ۵۔ ڈاکٹر صاحب کے بارے میں ایک پیراگراف لکھیئے۔ (۵-۶ لائن)۔

3.3 Prepositions

۳۔ کا۔ کے۔ کی۔ کو۔ ذیل جملوں میں استعمال کیجئے۔

۱۔ ڈاکٹر خان ______ کمرہ بڑا ہے۔

۲۔ ڈاکٹر خان مریضں ____ اچھی طرح جانچ کرتے ہیں۔

۳۔ کبھی کبھی وہ مریض ____ علاج مفت میں کرتا ہے۔

۴۔ لوگ ڈاکٹر احمد ____ بہت پسند کرتے ہیں۔

(6) ۵ ڈاکٹر صاحب ایک _____ بعد ایک _______ بلاتا ہیں۔

3.4 Translation: Urdu to English

۴۔ اردو سے انگریزی میں ترجمہ لکھیئے

رات کو درد کے مارے رشید کھانا بھی نہ کھا سکا۔ روتے
روتے سوگیا۔ خواب میں اُس نے دیکھا کہ اچانک اُس کا منہ
کھل گیا اور ایک دانت ٹوٹ کر پتنگ کی طرح ہوا میں اُڑتا
ہوا دوُر چلا گیا۔ رشید اُسے پکڑنے دوڑا مگر دانت ہاتھ نہ آیا۔ (8)

IEB Copyright © 2015

3.5 Sentences

۵. جملے کو پورے کیجئے۔

۱. کسی کی زبان اور ________________.

۲. اگر کوئی فیس نہیں دے سکتا تو ________________.

۳. ایسی دوا دیتے ہیں کہ ________________.

(3)

3.6 Picture

۶. تصویر

جواب لکھیے۔

آپ کی بہن کی گاڑی رات کو پانی میں رک گئی۔
بہن نے آپ کو فون کیا اور خبر دی۔ پھر کیا ہوا؟
ایک مضمون لکھیے۔ (۸-۱۰ لائن)

(8)

40 marks

Total: 100 marks

IEB Copyright © 2015